नामांक Roll No.

No. of Questions : 28

No. of Printed Pages : 8 **SS–22 – Urdu Sah.(Supp.)**

URDU SAHITYA

SENIOR SECONDARY SUPP. EXAMINATION-2020

Time : 3¼ Hours

Maximum Marks : 80

طلبہ کے لئے ہدایات :

(i) طلبہ/ طالبات سب سے پہلے سوال کے پرچہ پر اپنا رول نمبر ضرور لکھیں۔

(ii) سبھی سوالات لازمی ہیں۔

(iii) ہر سوال کا جواب دی گئی کاپی میں ہی لکھیں۔

(iv) ہر جواب سے پہلے اس کا صحیح سوال نمبر لکھیں۔

(v) سوالوں کے جوابات خوشخط لکھیں اور املا کی درستی کا خیال رکھیں۔

(vi) ہر سوال کا جواب لکھتے ہوئے اس سوال میں دی گئی ہدایت پر عمل کریں۔

نوٹ : مندرجہ ذیل مختصر ترین سوالات کے جوابات **ایک** سطر میں لکھیے :

1. میر امّن کا پورا نام کیا تھا ؟ 1

2. آپ کے نصاب میں شامل غالبؔ کا پہلا خط کس کے نام ہے؟ 1

3. مضمون ''حقیقی عظمت'' کے مصنف کا کیا نام ہے؟ 1

4. سبق ''سویرے جو کل آنکھ میری کھلی'' کے مصنف کے پڑوسی کا کیا نام تھا ؟ 1

5. پطرس بخاری کے مضامین کے مجموعے کا کیا نام ہے؟ 1

6. مرزا غالبؔ کی عرفیت کیا تھی ؟ 1

7. برابر سے بچ کر گزر جانے والے
یہ نالے نہیں بے اثر جانے والے
اس شعر کی ردیف کیا ہے؟ 1

8. ’’ساون میں دیا پھر مہِ شوال دکھائی‘‘ میں مہِ شوال کے کیا معنی ہیں ؟ 1

9. ’’شعاعِ امید‘‘ کے شاعر کا کیا نام ہے ؟ 1

10. خواجہ الطاف حسین حالؔی کہاں پیدا ہوئے ؟ 1

نوٹ : مندرجہ ذیل مختصر سوالات کے جوابات دو سطروں میں لکھیے :

11. اکبر نے رگھوپت کا دل کس طرح جیت لیا ؟ 2

12. ’’دانہ ڈالنا‘‘ محاورے کا مطلب لکھتے ہوئے اُسے اپنے جملے میں استعمال کیجیے۔ 2

13. فریڈرک اعظم کی تلوار کے متعلق جنرل نے نپولین سے کیا کہا ؟ 2

14. ’’قیامت کا انتظار‘‘ سے شاعر کی کیا مراد ہے ؟ 2

15. مرزا محمد رفیع سوؔدا کب اور کہاں پیدا ہوئے ؟ 2

16. اردو کے دو مشہور مرثیہ نگاروں کے نام لکھیے۔ 2

17. مندرجہ ذیل اقتباس کی مع سیاق و سباق تشریح کیجیے : 4

یہ بات سُن کر مجھے بھی غیرت آئی، اس کی نصیحت پسند کی۔ جواب دیا ''اچھا اب تم ماں کی جگہ ہو، جو کہا سو کروں'' یہ میری مرضی پا کر گھر میں جا کے، پچاس توڑے اشرفی کے اصیل لونڈیوں کے ہاتھوں میں لوا کر میرے آگے لا رکھے اور بولی ''ایک قافلہ سوداگروں کا دمشق کو جاتا ہے۔تم ان روپیوں سے جنس تجارت کی خرید کرو۔ ایک تاجر ایمان دار کے حوالے کرکے، دست آویز پکی لکھوا لو اور آپ بھی قصد دمشق کا کرو۔

یا

کتابوں کی دنیا ایک خیالی دنیا ہے۔ ہمارے ملک کے نوجوانوں کو اس دنیا سے نکل کر اصلی دنیا میں قدم رکھنا چاہیے۔ جب وہ اصلی دنیا میں جو خیالی دنیا نہیں ہے بلکہ ایک زندہ دنیا ہے قدم رکھیں گے تو ان کو معلوم ہوگا کہ ان کے چاروں طرف خطرات ہیں، مشکلات ہیں۔ وہ ان خطرات و مشکلات کی صفوں کو چیر کر آگے بڑھیں تو ان کے لیے اس زندہ دنیا میں کوئی جگہ نکل سکتی ہے۔

18. مندرجہ ذیل بند کی مع سیاق و سباق تشریح کیجئے : 4

جب ابرِ مست چھایا پیغامِ یار لایا
جب پھول مسکرایا کوئل نے گیت گایا
اجمیر یاد آیا

یا

مندرجہ ذیل اشعارِ غزل کے مطلب لکھیے اور شاعر کا حوالہ بھی دیجیے :

(i) حالِ دل یار کو لکھوں کیوں کر
ہاتھ، دل سے، جُدا نہیں ہوتا

(ii) اب دورِ آسماں ہے، نہ دورِ حیات ہے
اے دردِ ہجر! تو ہی بتا کتنی رات ہے

19. مندرجہ ذیل اسباق میں سے کسی **ایک** سبق کا خلاصہ لکھیے : **4**

(i) مرزا ظاہردار بیگ

(ii) بجوکا

20. مندرجہ ذیل منظومات میں سے کسی **ایک** نظم کا خلاصہ لکھیے : **4**

(i) روضۂ تاج گنج

(ii) رامائن کا ایک سین

21. مندرجہ ذیل اصنافِ نثر میں سے کسی **ایک** صنف پر تفصیلی نوٹ لکھیے : **4**

(i) ناول

(ii) مکتوب نگاری

22. مندرجہ ذیل اصنافِ نظم میں سے کسی **ایک** صنف پر تفصیلی نوٹ لکھیے : 4

(i) غزل

(ii) قصیدہ

23. تلمیح کسے کہتے ہیں ؟ تعریف لکھیے اور شعر سے مثال بھی دیجیے۔ 4

24. تشبیہ کسے کہتے ہیں ؟ تعریف لکھتے ہوئے شعر سے مثال بھی دیجیے۔ 4

25. مندرجہ ذیل میں سے کسی **ایک** مصنف کی سوانح حیات اور طرزِ تحریر پر روشنی ڈالیے : 6

(i) منشی پریم چند

(ii) پطرس بخاری

26. مندرجہ ذیل میں سے کسی **ایک** شاعر کی سوانح حیات اور خصوصیاتِ کلام پر روشنی ڈالیے : 6

(i) جگر مرادآبادی

(ii) علّامہ اقبالؔ

27. دبستانِ دہلی کی اہم خصوصیات میں سے کنہیں **تین** پر روشنی ڈالیے۔ 6

یا

علی گڑھ تحریک سے آپ کیا سمجھتے ہیں؟ مفصل تحریر کیجیے۔

28. مندرجہ ذیل میں سے کسی **ایک** عنوان پر مضمون لکھیے : 8

(i) صفائی کی ضرورت و اہمیت

(ii) میری پسندیدہ ادبی شخصیت

(iii) اگر میں وزیرِ تعلیم ہوتا

(iv) تاج محل کی سیر

DO NOT WRITE ANYTHING HERE